AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 | منگل 7 شوال 1445ھ 16 اپریل 2024ء 4 بیساکھ 2079ب | شمارہ نمبر 296

افغانستان سے مسلسل کارروائیاں ہو رہی ہیں عامر تانبا حملے میں بھارتی ہاتھ ہونے کا شبہ ہے، وزیر داخلہ

بجلی مہنگی ہو چکی ہے، ہماری میٹنگ بھی اوور بلنگ کے حوالے سے تھی' وفاقی تحقیقاتی ادارہ اس حوالے سے اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے، لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں 83 کروڑ یونٹس کی اوور بلنگ ہوئی

300 یونٹس استعمال کرنے والے صارفین کے ساتھ بھی اوور بلنگ جیسی زیادتی ہوئی' اوور بلنگ کیخلاف جاری مہم کو روکا نہیں جائے گا' کچھ بھی ہو جائے ہم کسی کا دباؤ نہیں لیں گے' محسن نقوی کی پریس کانفرنس

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ بھارتی دہشت گرد سربجیت سنگھ پر حملے میں ملوث عامر تانبا پر ہونے والے حملے میں بھارت کا ہاتھ ہونے کا شبہ ہے۔ ایف آئی اے زونل آفس میں اہم میٹنگ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پولیس کی جانب سے عامر تانبا پر فائرنگ کے واقعے کی تحقیقات کی جا رہی ہے، تاہم ابھی تک اس حملے میں بھارت کا ہاتھ ہونے کا شبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ عامر تانبا سے پہلے بھی قتل کے 4 مختلف واقعات میں بھارت ملوث تھا، اسی لیے اس واقعے میں بھی بھارت ہی کے ملوث ہونے کا شبہ ہے۔ ڈی جی ایف آئی اے اور ڈائریکٹر ایف آئی اے کی موجودگی میں میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ تحقیقات مکمل ہونے تک حتمی طور (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فواد چوہدری کی 9 مئی کے 4 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور

عدالت نے پولیس کو فواد چوہدری کی گرفتاری سے روک دیا' آئندہ سماعت پر مقدمات کا ریکارڈ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشتگردی کی عدالت نے تحریک انصاف کے سابق رہنما فواد چوہدری کی 9 مئی کے 4 مقدمات میں 20 اپریل تک عبوری ضمانت منظور کر لی۔ جبکہ فواد چوہدری اپنی اہلیہ حبا کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے، جہاں جج ارشد جاوید نے ان کی درخواست پر سماعت کی۔ سابق وزیر اطلاعات نے ماڈل ٹاؤن کے تھانہ گلبرگ اور نصیر آباد میں درج ایک ایک (بقیہ نمبر 2)

پہلے نمبر پر بجلی چوری کو روکنا ہے وزیر اعظم

پنجاب میں اس حوالے سے کافی اچھا کام شروع ہو گیا' جو ہمارے سسٹم ہیں، ٹرانسمیشن لائنز ہیں ان کی بہت ہی بری حالت ہے، جتنی بھی کاوشیں ہوں وہ کم ہیں، اسکے بغیر جتنی بھی بجلی پیدا کر لیں اگر ٹرانسمیشن بہتر نہیں تو کوئی بھی فائدہ نہیں

بارشوں کے نقصانات کے حوالے سے این ڈی ایم اے کو ہدایات جاری کر دی' ڈیم بھریں گے اور پن بجلی میں فائدہ ہو گا لیکن اس بارش میں کافی جانی نقصانوں کا بھی ضیاع ہوا ہے' شہباز شریف کی بجلی شعبے سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بارشوں کے نقصانات کے حوالے سے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بجلی شعبے کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا پہلا (بقیہ نمبر 2)

لاہور: سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو نیل جاوید رانجھا سہولیات مراکز کے قیام ہمارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں 26.2 ملین بچے سکول سے باہر' 10 سال سے کم عمر تعلیم سے محروم

اسلام آباد (آئی این پی) وفاق اور صوبوں کے اشتراک سے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل ایس آئی ایف سی کی ٹیکنیکل (بقیہ نمبر 11)

پشاور ہائیکورٹ کے قائمقام چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے حلف اٹھا لیا

چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ جسٹس محمد ابراہیم خان 14 اپریل کو اپنے عہدے سے سبکدوش ہو گئے

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ کے قائمقام چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم نے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ نومنتخب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ جسٹس اشتیاق ابراہیم کی حلف برداری تقریب منعقد ہوئی، چیف جسٹس سے سینئر جج جسٹس اعجاز انور نے حلف لے لیا۔ قائم مقام چیف جسٹس (بقیہ نمبر 13)

پرسیکیوشن عدت نکاح کیس سے بھاگ رہی ہے عمر ایوب

حکومت کو مان لینا چاہیے کہ ان کا نشانہ صرف بانی پی ٹی آئی تھے' 6 ججز نے جو خط لکھا ہے وہ ہمارے سسٹم پر چارج شیٹ ہے

بار بار کہہ چکا 9 مئی کی تحقیقات کے لیے آزادانہ کمیشن بنایا جائے، نو مئی واقعات کی سی سی ٹی وی فوٹیجز منظر عام پر لائی جائیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل عمر ایوب نے کہا ہے کہ سائفر کیس ریت کے ٹیلے کی طرح بہہ گیا ہے، پرسیکیوشن نے ضلعی کچہری میں میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ عدت میں نکاح کیس سے بھاگ رہی ہے۔ عمر ایوب عید سے ایک دن پہلے پرسیکیوٹر نے (بقیہ نمبر 3)

ن لیگ کا پیپلز پارٹی کو کابینہ میں شامل ہونے پر آمادہ کرنے کی ایک اور کوشش کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پیپلز پارٹی کو وفاقی کابینہ میں شامل ہونے پر آمادہ کرنے کی ایک اور کوشش کرنے کا (بقیہ نمبر 5)

بانی پی ٹی آئی کی 3 مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع

عدالت کا ملزم کی اڈیالہ جیل سے ویڈیو لنک پر حاضری مکمل کرانے کا بھی حکم

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی تین مقدمات میں عبوری ضمانت میں آج (منگل) تک توسیع کر دی۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے جناح ہاؤس حملہ، عسکری ٹاور حملہ اور تھانہ شادمان نذر آتش کرنے (بقیہ نمبر 4)

سلامتی کونسل اجلاس ملتوی، چین نے ایرانی حملے کا ذمہ دار اسرائیل کو قرار دیدیا

اسرائیلی حملے نے ایران کو اسرائیلی سرزمین پر حملے کے لیے اُکسایا، وہ شیطانی نوعیت کا تھا، غزہ میں فوری جنگ بندی لازم ہے' چینی مندوب۔

مشرق وسطیٰ تباہی کے دہانے پر ہے، خطے کو تباہ کن جنگ کے خطرے کا سامنا' وقت آ گیا کشیدگی کم' تحمل کا مظاہرہ کیا جائے' یو این سیکرٹری جنرل

نیویارک (این این آئی) ایران کے اسرائیل پر حملے کے بعد بلایا گیا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس رکی کارروائی کے بعد ملتوی کر دیا گیا۔ چین نے ایرانی حملے کا ذمہ دار اسرائیل کو قرار دیدیا۔ سلامتی کونسل میں اسرائیل ایران تنازع پر مزید بحث بعد میں کی جائے گی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوٹریس نے سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ تباہی کے دہانے پر ہے، خطے کو تباہ کن جنگ کے خطرے کا سامنا ہے، وقت آ گیا ہے کہ کشیدگی کم اور زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کیا جائے۔ انتونیو گوٹریس نے مزید کہا کہ کسی بھی ریاست کی علاقائی سالمیت کے خلاف طاقت کا استعمال منع ہے۔ انھوں نے کہا کہ غزہ میں جنگ بندی، یرغمالیوں کی غیر مشروط رہائی اور امداد کی فراہمی سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اجلاس کے دوران اقوام متحدہ میں امریکا کے نائب مندوب رابرٹ (بقیہ نمبر 10)

لاہور: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ایف آئی اے لاہور ریجن کے دفتر میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

50 سال بعد کسی ملک نے اسرائیلی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا' مشاہد حسین

50 سال قبل عرب اسرائیل جنگ میں شام اور مصر نے 1973 میں اسرائیل کے خلاف رمضان میں جوابی کارروائی کی تھی، سینئر سیاستدان

اسرائیل فلسطینیوں کیخلاف اخلاقی، سیاسی، سفارتی' قانونی لحاظ سے جنگ ہار چکا، ایسی صورت میں ایران سے جنگ کے متحمل نہیں ہو سکتے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) بین الاقوامی اور خارجہ امور کے ماہر اور سینئر سیاستدان مشاہد حسین سید نے ایران کے اسرائیل پر حملے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ 50 سال بعد کسی مسلمان ملک نے جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسرائیلی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ ایران کے اسرائیل کے حملے کے بعد تازہ انٹرویو میں مشاہد حسین سید نے کہا کہ یہ معاملہ اس وقت تیسری عالمی جنگ تو نہیں ہو گی لیکن یہ بہت تاریخی دن ہے کیونکہ 50 سال بعد کسی مسلمان ملک نے اتنی ہمت اور جرات ہوئی کہ انہوں نے اسرائیلی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ اس وقت شروع ہوا جب اسرائیل نے دمشق نے ایرانی سفارتخانے پر حملہ کیا تھا، یہ دوہری جارحیت تھی کیونکہ ایران اور شام دونوں کے خلاف اشتعال انگیز بیانی کا مظاہرہ کیا گیا اور دوسری جانب فلسطینیوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے جو اس وقت بنیادی (بقیہ نمبر 6)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روٹی' آٹے کی قیمتیں کم کرنا مریم نواز کا نیا دکھاوا ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 7)

جو ہار پہنچے پر سزا ہوئی وہ آج بھی ہمارے پاس موجود ہے، ترجمان بشریٰ بی بی

اسلام آباد (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی اہلیہ (بقیہ نمبر 8)

بہاولپور میں اراضی الاٹمنٹ کی منسوخی کیلئے دائر درخواست خارج

وکیل صاحب یہاں تقریر نہ کریں، ادھر قانون کی بات کریں' چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

لاہور (این این آئی) سپریم کورٹ نے بہاولپور میں 27 کنال اراضی کی الاٹمنٹ منسوخ کروانے کیلئے دائر اپیل خارج کر دی۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں اقبال گوہر نامی شہری کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں (بقیہ نمبر 9)

آصفہ بھٹو کی کامیابی سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج

امیدوار مصطفیٰ رند کو اغوا کر کے کاغذات نامزدگی مسترد کرائے، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ امیدوار نے این اے 207 سے ضمنی انتخاب میں پیپلز پارٹی کی آصفہ بھٹو زرداری کی کامیابی کو سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج (بقیہ نمبر 14)

افغان طالبان کے مابین اختلافات نمایاں ہونے لگے

معاشی و سیکیورٹی مسائل، سخت گیر اور اعتدال پسند طالبان کے درمیان تناؤ بڑھ گیا

کابل (این این آئی) افغان طالبان کے مابین اختلافات نمایاں ہونے لگے ہیں، افغانستان میں بڑھتے معاشی اور سیکیورٹی مسائل کے باعث سخت گیر طالبان اور اعتدال پسند طالبان (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

لاہور کیلئے 5 سالہ ترقیاتی پروگرام تیار' ایک کھرب بارہ ارب کا تخمینہ

شہر کے دو نئے داخلی راستے، ایبی روڈ ایکسپریس وے، بلیو اور پرپل لائن کا سول سٹرکچر شامل

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے وزیر اعلیٰ پنجاب کو پانچ سالہ ڈویلپمنٹ پروگرام دینے کا فیصلہ کر لیا۔ لاہور شہر کے دو نئے داخلی راستے، ایبی روڈ ایکسپریس وے، بلیو اور (بقیہ نمبر 16)

پرائس کنٹرول روٹی نان کی 20 روپے میں فروخت یقینی بنائے' شاہد حسین

فیصلے پر عملدرآمد کے حوالے سے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی' عوام کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کرنے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت مہنگائی اور گرانفروشی کے خاتمے کیلئے میدان عمل میں ہے' صوبائی وزیر صنعت و تجارت کی گفتگو

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شاہد حسین نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت مہنگائی اور گرانفروشی کے خاتمے کیلئے میدان عمل میں ہے، تاریخ ساز رمضان پیکیج کے بعد اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اپنے آفس میں ملاقات کیلئے آئے لوگوں سے ملاقات کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ روٹی اور نان کی قیمتوں میں کمی (بقیہ نمبر 28)

ملت ایکسپریس واقعہ: خاتون کی ہلاکت پر کمیٹی قائم

کراچی (این این آئی) کراچی سے فیصل آباد جانے والی خاتون کی مبینہ طور پر (بقیہ نمبر 30)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے ن لیگی رہنما ملک رفیق اعوان کی عیادت کی

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید سلیم خان ناصر نے پاکستان مسلم لیگ ن کوئٹہ کے سینئر رہنما ملک رفیق اعوان کے (بقیہ نمبر 31)

بلوچستان کابینہ کی تشکیل ڈیڑھ ماہ سے زائد عرصہ سے تاخیر کا شکار

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کابینہ کی تشکیل ڈیڑھ ماہ سے زائد عرصہ سے تاخیر کا شکار ہے۔ سرفراز بگٹی نے 2 مارچ کو وزارت اعلیٰ (بقیہ نمبر 32)

سابق کشمیر راولپنڈی کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست، لیاقت علی چٹھہ نے جواب جمع کروا دیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی متھا عدالت میں سابق کشمیر راولپنڈی کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست پر سماعت ہوئی' جس دوران لیاقت علی جتھہ نے عدالت میں (بقیہ نمبر 33)

ایران کے میزائل اور ڈرونز مار گرانا اسرائیل کو مہنگا پڑ گیا

ایران کے ڈرونز اور میزائل مار گرانے پر اسرائیل کے ایک ارب 35 کروڑ ڈالر خرچ ہو گئے

حل ابیب (این این آئی) ایران کے میزائل اور ڈرونز مار گرانا اسرائیل کو مہنگا پڑ گیا، اسرائیل کا ایک ارب، 35 کروڑ ڈالر کا خرچہ آیا، پاکستانی روپے میں یہ رقم 378 ارب روپے بنتی ہے۔ اسرائیلی میڈیا نے انکشاف کیا ہے کہ میزائل اور ڈرون حملوں کو ناکام بنانے والے ایک ایرو (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی: 16 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنیوالا ملزم پولیس حراست میں

کراچی' متحدہ پاکستان کی سینئر خاتون رہنما سے ڈاکو پرس چھین کر فرار

شاہینہ سہیل پرس چھیننے جانے کے بعد اپنا قوانین برقرار نہ رکھ سکیں اور بری طرح گر پڑیں، ترجمان

کراچی (این این آئی) کراچی کے ناظم آباد میں متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی خاتون رہنما کا پرس بھی چھین لیا گیا۔ ایم کیو ایم پاکستان کی مرکزی ایڈیاک کمیٹی کی رکن شاہینہ سہیل کو ناظم آباد میں لوٹا گیا، ملزمان موٹر سائیکل ان سے پرس چھین کر فرار ہو گئے، واقعہ کی سی سی ٹی وی (بقیہ نمبر 34)

بہاولپور ریلوے پولیس اہلکار کے تشدد کا نشانہ بننے والی خاتون کی لاش برآمد

ریلوے پولیس کا اہلکار تشدد کے بعد خاتون کو ساتھ لیکر گیا تھا' 30 سالہ مریم بی بی کو مبینہ طور پر چلتی ٹرین سے دھکا دے کر قتل کیے جانے کا انکشاف

پہچپہ اونچی آواز میں ورد کر رہی تھیں، پولیس اہلکار نے تشدد شروع کر دیا، پھپھو کو ساتھ لے گیا' ہمیں اگلے اسٹیشن پر اتارا' خاتون بھتیجے غالب کا بیان

بہاولپور (این این آئی) ریلوے پولیس اہلکار کے تشدد کا نشانہ بننے والی خاتون کی لاش بہاولپور سے برآمد ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق خاتون نواحی علاقہ چنی گوٹھ ریلوے اسٹیشن کے قریب سے مردہ حالت میں پائی گئی۔ ترجمان پولیس نے بتایا کہ 30 سالہ مریم بی بی کا تعلق جزا نوالہ چک 40 موڑ فیصل آباد سے تھا، پولیس نے خاتون کی لاش (بقیہ نمبر 27)

بچوں سے زیادتی' خواتین کے ریپ کیس کی سزا سخت ترین کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ نے بچوں سے زیادتی اور خواتین کے ریپ (بقیہ نمبر 25)

تندور مالکان کا حکومتی ریٹس پر روٹی دینے سے انکار' کریک ڈاؤن شروع

لاہور (این این آئی) پنجاب میں تندور مالکان نے حکومتی ریٹس پر نان اور روٹی (بقیہ نمبر 24)

پی ٹی آئی نے اسلام آباد کی تینوں نشستوں کے انتخابی نتائج کو چیلنج کر دیا

مسلم لیگ (ن) کے کامیاب قرار دیے گئے ممبر قومی اسمبلی کو ڈی نوٹیفائی کرنے کی استدعا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے اسلام آباد کی تینوں نشستوں کے انتخابی نتائج کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ این اے (بقیہ نمبر 26)

لاہور: ڈائریکٹر جنرل محکمہ جنرل محکمہ، بہبود آبادی پنجاب شمن رائے عید ملن پارٹی کے موقع پر خطاب کر رہی ہیں

پی آئی اے کی پرواز درجنوں مسافروں کو جدہ ایئرپورٹ پر ہی چھوڑ آئی

لاہور (این این آئی) قومی ایئر لائن کی سعودی عرب سے آنے والی پرواز (بقیہ نمبر 23)

خیبر پختونخوا بارش حادثات میں 8 افراد جاں بحق 12 زخمی

جاں بحق افراد میں ایک خاتون، 4 بچے اور 3 مرد شامل' دیواریں اور چھتیں گرنے سے 15 گھر مکمل تباہ ہو گئے' 70 کو جزوی نقصان پہنچا' رپورٹ

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور اداروں کو متاثرہ خاندان کو فوری طور پر امداد اور چھتیں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہم کرنے کی ہدایت

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں بارش سے متعلق حادثات میں 8 افراد جاں بحق اور 12 دیگر زخمی ہو گئے جبکہ ضلعی انتظامیہ کو امدادی سرگرمیاں تیز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے بتایا کہ جاں بحق افراد میں ایک خاتون، 4 بچے اور 3 مرد شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق دیواریں اور چھتیں گرنے سے 15 گھر مکمل تباہ ہو گئے جبکہ 70 کو جزوی نقصان پہنچا۔ بارش سے متعلقہ حادثات اپر اور لوئر دیر، (بقیہ نمبر 22)

وزیر اعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کا سابق چیئرمین بلدیہ مرزال محمد جرل کے صاحبزادے مرزا احمد جمل جرال کے دعوت ولیمہ کے موقع پر دولہا کے ہمراہ گروپ فوٹو

ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 800 روپے کا اضافہ

کراچی (این این آئی) ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 800 روپے کا اضافہ ہوا ہے۔ آل پاکستان جیولرز اینڈ جیولرز ایسوسی (بقیہ نمبر 18)

بوریوالا میں جے جی کیم کھیلنے والے دوستوں نے دوست کی جان لے لی

بورے والا (این این آئی) ضلع وہاڑی کی تحصیل بورے والا کے تھانہ گھوڑی کے علاقے میں ہونے والے قتل کا ڈراپ (بقیہ نمبر 19)

اسرائیل کی غزہ میں آپریشن ایک بار پھر تیز کرنے کی تیاریاں

اسرائیل کی نصیرات کیمپ میں ایک بار پھر بمباری 5 فلسطینی شہید، متعدد زخمی

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فورسز کی جانب سے نصیرات کیمپ میں ایک بار پھر بمباری سے 5 فلسطینی شہید ہو گئے، اسرائیلی طیاروں نے العرفی خاندان کے گھر کو نشانہ بنایا، حملے میں (بقیہ نمبر 20)

زائد یونٹس کیس' ایکسین باغبانپورہ کا 4 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

جو شیری 100 یونٹس سے کم استعمال کرتے تھے ان کو بھی چھ چھ سو یونٹس ڈالے گئے' عدالت

لاہور (این این آئی) شیریوں کو بجلی کے زائد یونٹس ڈالنے کے کیس میں گرفتار ایکسین واپڈا باغبانپورہ کو 4 روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کر دیا گیا۔ ضلع کچہری (بقیہ نمبر 21)

لاہور: وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین روٹی اور نان کی ڈیفائیڈ قیمت پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے مارکیٹس کا دورہ کر رہے ہیں

روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایڈیٹر انچارج چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

ایران اسرائیل کشیدگی اور موجودہ صورتحال

اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے داغے گئے 99 فیصد ڈرون اور میزائلوں کو تباہ کردیا گیا۔ اسرائیلی وزیر دفاع کے مطابق ایران نے 300 سے زائد پروجیکٹائل اسرائیل کی طرف داغے، بیلسٹک میزائلوں کی معمولی تعداد اسرائیلی سرزمین تک پہنچ سکی، ایران نے اسرائیلی دفاعی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے، گولان کی پہاڑیوں اور شام کے قریب اسرائیلی فوجی ٹھکانوں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ اسرائیل کے انتہائی دائیں بازو کے نیشنل سکیورٹی وزیر اتمار بن گویر نے کہا ہے کہ اب ایران کے خلاف کچلنے والے حملے کی ضرورت ہے۔ اتمار بن گویر نے ایرانی حملے کے خلاف اسرائیلی فوجی دفاع کو سراہا۔ دوسری جانب اسرائیل نے اپنی فضائی حدود دوبارہ کھول دی ہیں۔ اسرائیل ایئرپورٹ اتھارٹی کے مطابق حل ابیب میں پروازیں متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ سرائیل نے ایران کو دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں نقصان پہنچانے والوں کو غرہ بنا دیں گے، ہماری جنگ ایران کے عوام کے ساتھ نہیں ہے۔ اسرائیل نے کہا ہے کہ ہم ایرانی اسلامی جمہوری حکومت کیخلاف ہیں، ہم نے اپنے اتحادیوں کے ساتھ مل کر ایرانی حملہ ناکام بنایا۔ اسرائیل نے کہا کہ ایرانی حملہ انتہائی غیر ذمہ دارانہ تھا، عالمی و مشرق وسطی کے پارٹنرز کے شکر گزار ہیں علاوہ ازیں اسرائیلی فوج کے ترجمان ڈینیئل ہگری نے ایرانی حملوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران نے ایران، عراق اور یمن سے 300 کے قریب ڈرون اور میزائل داغے، جس میں فوجی تنصیاب کو معمولی نقصان پہنچا اور کم از کم 12 افراد زخمی ہوئے، زخمی ہونے والوں میں سے ایک 7 سالہ بچی بھی شامل ہے، جسے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف چند ایرانی میزائل اسرائیل کی سرزمین میں گرے جس سے فوجی اڈے اور انفرا سٹرکچر کو صرف معمولی نقصان پہنچا۔

عید الفطر کی خوشی

چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) عید کی خوشی اللہ رب العزت رمضان المبارک کے روزوں کا انعام عید کی خوشیوں کی صورت میں مسلمانوں کو عطا کرتا ہے رمضان کے روزے رکھنے سے ہماری صحت پر بھی خوشگوار اثر پڑتا ہے اور ہمیں کو بھوک پیاس برداشت کرنے کی عادت بھی پڑ جاتی ہے جس سے ہمیں غریبوں اور مسکینوں کی بھوک پیاس کا احساس ہوتا ہے چھوٹا بڑا امیر غریب سب عید کی تیاری میں مصروف نظر آتے ہیں عید مسلمانوں کی اجتماعی خوشی ہے لیکن انسان کو بھی خوشی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب اس خوشی میں سب مسلمان بھائی شریک ہوں ہم اکیلے خوشی نہیں منا سکتے اور نہ ہی اکیلے غم اور تکلیف اکیلے برداشت کر سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ عید کی خوشی اس صورت میں خوش لگتی ہے جب اس میں سب مسلمان شامل ہو اور عید الفطر کی خوشی میں ہم اکیلے خوشی نہیں منا سکتے اور نہ ہی اکیلے غم اور تکلیف اکیلے برداشت کر سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ عید کی خوشی اس صورت میں خوش لگتی ہے جب اس میں سب مسلمان شامل ہو اور عید الفطر کی خوشی شریک ہو

بقیہ 1 — بقیہ جات

پر چھ کہنا بہتر ہیں مگر بہادر کا پیٹرن اس طرح کا ہے۔ حسن نقوی نے کہا کہ بکی بھی ہونگی ہے، ہماری میٹنگ بھی اور بیگ کے حوالے سے بھی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی تحقیقاتی ادارہ اس حوالے سے ابھی کارکردگی دکھا رہا ہے

بقیہ 2 — بقیہ جات

مقدمے میں درخواست خفات دائر کی تھی۔ عدالت نے پولیس کو فوری چودھری کی گرفتاری روکے رکھے سو آئندہ سماعت پر مقدمات کا ریکارڈ طلب کیا۔ عدالت کے باہر میڈیا کے سوال پر کہ کیا آپ کو ابھی بھی گرفتاری کا خطرہ ہے، فواد چودھری نے تبصرہ کیا کہ پاکستان میں ہر شخص کو ہر وقت گرفتاری کا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہار مرتبہ نیب کے سوا آئے ہیں اور اللہ تبارک کے فضل سے وہ کرپٹ اتھارٹی کے سابق رہنما کو 5 اپریل کو جلم پنڈ داد ان خان پر ویجٹ میں فورورڈ کے کیس میں اڈیالہ جیل سے ہاکر ڈیا گیا تھا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے 5 اپریل کو مذکورہ کیس میں ان کی رہائی کے احکامات جاری کیے تھے۔ فواد چودھری نیب کیس میں جو ڈیشل ریمانڈ پر اڈیالہ جیل میں قید تھے اور انہوں نے خفاظت بعد از گرفتاری کی درخواست دائر کر رکھی تھی۔

بقیہ 3 — بقیہ جات

ابھی انجینئر دی تو انہیں تبدیل کیا گیا، یہ جو سے دو وفدیس میں وفد کیا گیا کیونکہ میں سے کچھ سے کہیں۔

بقیہ 4 — بقیہ جات

کے مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی بھوری خماتوں پر سماعت کی۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی تینوں مقدمات میں بھوری خماتت میں ایک روڑی کی توسیع کر دی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج نے ملزم کی اڈیالہ جیل سے ویڈیو لنک پر حاضری مکمل کرانے کا بھی حکم دے دیا۔

بقیہ 5 — بقیہ جات

بعدالت جناب ذوالفقار احمد صاحب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو منڈی بہاالدین

)اٹل تقسیم اراضی (مدراماں بنام محمد ریاض ولد ولی محمد سیف اللہ ولد محمد علی سلطان احمد ولد عزام ساجاں دختر روشن سیف اللہ پسر ظاہر حیات پسر رسولاں شفراقبال ولد نادر بنام رحمانہ ولد نازیہ وسی غلام رسول ولد ولی داد ولد بوٹا ولد بھاگے دختر صغریٰ افتار احمد ولد صادق جوالی ولد روشن نذیر احمد ولد سنی محمد ولد ولی داد ولد شاہد ولد پروین دختر فاطمہ زیراں دختر جلاں نیر زیاں بی بی بیوہ صادق فاطمہ دختر محمد عارف پسر مانگی تبریکم دختر محمد علی نور حسین ولد عبدالله منور حسین ولد بہار شاہد ولد پروین دختر محمد رشید بیگم محمد علی حامی احمد ولد کریم محمد ستو دختر جلاں راجو بیوہ سبق، محمد خانوں محمد فضل ولد ماشم لال ولد صحفی راجا بی بیوہ ماماں پرویز احمد نازکوں ولد محمد مجید اللہ خادند فاطمہ جلال ولد روشن امتیاز احمد ولد مہدی لیمہ، بیجاں دختر اں باسم رسولاں دختر علی محمد عرفان پسر فاطمہ فیض احمد ولد کریم علی فاطمہ بیوہ محمد افضل ولد صادق احمد حیات ولد رحیم بخش ولد محمد صحفی خان محمد ایوب ولد محمد صادق محمد ولد ولی محمد ولد صادق محمد ولد رحمت دختر جلاں پسر صالحوں ولد رحمت خضر حیات ولد محمد ریاض پسر جلاں کیشمیر بیوہ مہدی دختر روشن احمد ولد رحمت اقبال ولد صحفی عباس ولد قاسم محمود احمد ولد ہاشم انور بی بی دختر صغیٰ ارشاد بی بی دختر ماہ زاہد دختر نادر تبسم ولد محمد حیات رسولاں دختر نامہ مشتاق احمد ولد کریم محمد ولد محمد حیات ولد محمد حیات ولد کریم علی محمد حیات پسر رسولاں اورنگ اللہ ولد محمد ریاض پسر احمد ولد محمد خالد محمد ولد ریاض پسر محمد خالد محمد ولد محمد ولد محمد ول

ملک کی تقریباً "52" فیصد آبادی اپنے علاقوں میں موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں نہیں جانتی، سید محمد اشفاق

موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، سیلاب کے بعد ملکی سطح پر 47.7 فیصد معذور افراد کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے

ستر فیصد لوگ سرکاری موسمیاتی پالیسیوں سے مطمئن نہیں ہیں، 72 فیصد لوگوں کے مطابق سوشل میڈیا موسمیاتی تبدیلی سے متعلق شعور بیدار کرنے کا سب سے موثر ذریعہ ہے

گجرات (صفیر احمد قمر) موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، سیلاب کے بعد ملکی سطح پر 47.7 فیصد معذور افراد کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے، جبکہ گھر کی مرمت کیلئے 20.6 فیصد لوگوں کو ضرورت ہوتی ہے، پینے کے صاف پانی کی 13 فیصد لوگوں کو ضرورت ہوتی ہے، صرف 15.9 لوگوں کو موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں آگاہی ہے جبکہ 60.7 فیصد افراد کو اس بارے میں بہت کم معلومات ہیں، ملک کی نصف سے زائد تقریباً "52" فیصد آبادی اپنے علاقوں میں موسمیاتی تبدیلی کے بارے میں نہیں جانتے، 37.2 فیصد لوگوں کے مطابق سوشل میڈیا موسمیاتی تبدیلی سے متعلق شعور بیدار کرنے کا سب سے موثر ذریعہ ہے، یہ باتیں تحقیق العباد ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن پاکستان کے صدر سید محمد اشفاق نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے حوالے سے 2023ء کی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہیں، صدر سید محمد اشفاق کا مزید کہنا تھا کہ تحقیق العباد ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن پاکستان 2020ء سے پاکستان میں ماحولیاتی تبدیلی کے حوالے سے کام کر رہی ہے، یہ تنظیم 2014ء میں اقوام متحدہ کیڈیلی اور اے ایکسساک کے خصوصی مشاورتی حیثیت اور یو این او انوائرنمنٹ سے 2018ء میں آبزرور کی حیثیت کی حامل ہے جو کہ پاکستان میں سماجی بہبود، ماحولیاتی پائیداری، خواتین کے حقوق اور کمیونٹی کی ترقی کو فروغ دینے کیلئے وقت ایک اہم جی او ہے، یہ سروے ملک کے چاروں صوبوں کے سولہ اضلاع میں 1600 افراد کے آراء پر مشتمل ہے، جو کہ 15 نومبر سے لیکر 20 دسمبر 2023ء کے دوران کیا گیا ہے، سید محمد اشفاق نے مزید کہا کہ یہ رپورٹ نہ صرف موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے بلکہ پالیسی سازوں، ماحولیات کے ماہرین اور ماہرین قانون کے لیے ایک رہنما دستاویز طور پر بھی کام آئے گی، یہ رپورٹ امدادی کارروائیوں، حکومتی رویل، موسمیاتی آگاہی، کمیونٹی کی شمولیت، حیاتیاتی تنوع (پودوں اور جانداروں کی نسل کو لاحق خطرات)، موسمیاتی تبدیلی سے متعلق خدشات، موسمیاتی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت، سرکاری پالیسیوں، موسمیاتی تعلیم اور حق معلومات (آر ٹی آئی) جیسے اہم پہلوؤں کا مفصل جائزہ لیتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ رپورٹ پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی ایکٹ 2017 کا تجزیاتی جائزہ اور سفارشات بھی پیش کرے گی، رپورٹ کے نتائج کے مطابق ملکی سطح پر 47.7 فیصد معذور افراد کو سیلاب کے بعد سب سے زیادہ مدد کی ضرورت ہوتی تھی جس کے بعد انیس فیصد بزرگ اور (ساڑھے سترہ فیصد) خواتین شامل تھیں، سیلاب کے بعد لوگوں کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان میں 20.6 کو گھر کی مرمت، 14.3 کا بے گھر ہونا، 13 فیصد کو صاف پانی کی قلت، 12.6 فیصد کو غذائی قلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے، پاکستان میں 62 فیصد افراد قدرتی آفات سے نمٹنے کی کوششوں میں شامل ہونے کیلئے تیار ہیں جو کہ شرح تشفی ہے، قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے 27.8 فیصد لوگوں کی اولین ترجیحات زیادہ درخت لگانا ہے، 32.1 لوگوں کے مطابق درجہ حرارت میں اضافہ موسمیاتی تبدیلی کیلئے سب سے بڑا خطرہ ہے، قومی سطح پر 80.1 فیصد لوگوں نے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق سرکاری اداروں سے کسی بھی قسم کی معلومات حاصل نہیں کیں، ستر فیصد لوگ سرکاری موسمیاتی پالیسیوں سے مطمئن نہیں ہیں، 25 فیصد لوگوں کے مطابق قدرتی آفات کے بعد امدادی رسائی حاصل کرنے کیلئے تباہ شدہ سڑکیں سب سے بڑا چیلنج ہیں، سید محمد اشفاق نے مزید کہا کہ یہ رپورٹ نہ صرف موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے بلکہ پالیسی سازوں، ماحولیات کے ماہرین اور ماہرین قانون کے لیے ایک رہنما دستاویز طور پر بھی کام آئے گی۔

تجارتی سرگرمیوں میں خلل ڈالنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے، گارنڈ جرگہ

انگور اڈا گیٹ کی بندش سے قبائل کو اربوں نقصان ہوا، گیٹ پر تجارتی سرگرمیاں ختم ہونے کے بعد حکومتی خزانے کو بھی اربوں روپے پہنچا

تجارتی سرگرمیوں کو بڑھانے اور پاک افغان تجارت کو مستقل طور پر جاری رکھنے کے لئے تمام قبائل کو ٹھوس اقدامات اٹھانے چاہئیں

وانا (این این آئی) لوئر وزیرستان کے صدر مقام وانا میں پاک افغان انگور اڈا گیٹ کو افغانستان کے ساتھ علاقے کی سب سے بڑی تجارتی گزرگاہ بنانے کے لئے احمد زائی وزیر کے 9 بڑے قبیلوں کا دوسرا گرینڈ جرگہ منعقد ہوا۔ جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولانا میرزا جان، ملک سعداللہ، ملک جمیل، ملک سیدرہ نور اور وزیرستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سیف الرحمٰن نے اپنے اپنے خطاب میں کہا کہ (بقیہ نمبر 59)

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کاشتکاروں کو جدید زرعی معلومات کی ترسیل سے متعلق زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی میں تعطل برداشت نہیں، سلمان رفیق

پنجاب کی عوام تک ہیلتھ انشورنس پروگرام کی سہولت بلا تعطل جاری رہے گی، سرکاری ہسپتالوں ری ویپنگ کا منصوبہ جنگی بنیادوں پر مکمل کر رہے ہیں

ایمرجنسی سروسز کی بہتری کیلئے بھی اقدامات اٹھا رہے، ایمرجنسی ایمبولینس سروس پنجاب کی عوام کیلئے سب سے بڑی اور بہترین سہولت ہوگی، صوبائی وزیر صحت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انشورنس ایجنسی کمپنی میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری صحت علی جان خان، پیشنل سیکرٹریز سید واجد علی شاہ اور راجہ منصور احمد، ایڈیشنل سیکرٹریز زاہدہ اظہم اور ڈاکٹر حافظ شاہد لطیف، ڈپٹی سیکرٹریز کے علاوہ دیگر افسران نے ویڈیو لنک کانفرنس کے ذریعے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے سرکاری ہسپتالوں میں صفائی ستھرائی، ویسٹ مینجمنٹ (بقیہ نمبر 49)

لاہور: خانہ بدوش گدھا ریڑھی پر سامان رکھ کر اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

ایران اور فلسطین کی نصرت اور فتح کیلئے دعائیں کریں، گل مرزا

فلسطینی مظلوم مسلمانوں پر طاری ظلم و بربریت کی سیاہ رات کا خاتمہ ہو، صدر پاک چائنہ بزنس کمیونٹی

لاہور (سٹی رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے صدر گل مرزا نے کہا ہے فلسطین کے مظلوم مسلمانوں پر ظلم و ستم کی خلاصی کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔ امت مسلمہ پر ظلم کیخلاف ملت اسلامیہ کے غیور مسلمان اپنا اخلاقی ایمانی فریضہ ادا کریں۔ ایران اور فلسطین کی نصرت اور فتح کیلئے دعائیں کریں۔ پاکستان اور ملت اسلامیہ اقوام عالم میں ترقی و خوشحالی سے ہمکنار ہوں۔ فلسطین کے (بقیہ نمبر 47)

FSDynamics Solutions is currently looking for a competent employee with exceptional skills in English Comprehension and Speaking.

Requirements

Must have 14 years of Education.

Can work from 7:00 PM to 3:00 AM

Preference will be given to candidates having IELTS 7.0+ Bands.

Perks and Benefits

100% work from home.

5 days in a week.

Good Salary.

Interested candidates can submit their CV's on

fsdynamicssolutions@gmail.com

Or whatsapp on +92 310 8749777

راوی ٹول پلازہ لاہور میں 5 لین والی موٹروے M2 اور 2 لین والی M3 کو آپس میں جوڑتا ہے، ریاض فتیانہ

کمالیہ (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کے ممبر قومی اسمبلی ریاض فتیانہ نے کہا ہے کہ راوی ٹول پلازہ لاہور میں 5 لین والی موٹروے M2 اور 2 لین والی M3 کو آپس میں جوڑتا ہے۔ اب اسلام آباد سے آنے والا M2 خالی ہے اور M3 سندھ، جنوبی پنجاب، مغربی پنجاب اور بلوچستان سے لاہور آنے والے زیادہ ٹریفک کی وجہ سے رک گیا ہے جو ملک کی دوسری بڑی آبادی اور کاروباری مرکز اور صوبہ پنجاب کا دارالحکومت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ M2 کی دو لین کو مکتعد M3 میں منتقل کیا جانا چاہیے جو کہ قابل شفٹ کنکریٹ بلاکس کے پابند ہے۔ اس لیے ٹول پلازہ کراس کرنے کے لیے بھاری رش اور انتظار کا وقت کم کیا جا سکتا ہے۔ اس سے قیمتی وقت اور تیل کا بل بچ جائے گا اور لاہور کے داخلی دروازے پر فضائی آلودگی اور ذہنی دباؤ میں بھی کمی آئے گی۔

تنظیم مغلیہ کو فلاح تر بنانے اور ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں، حاجی عبدالرؤف مغل

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) صدر آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ و سربراہ مغل مجلس شوری پاکستان حاجی عبدالرؤف مغل نے کہا ہے کہ تنظیم مغلیہ کو فلاح تر بنانے اور ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے تحت حافظ آباد روڈ کور کمیٹی کے چیف آرگنائزر و ناٹب صدر میاں خالد سیف اللہ کی میزبانی میں منعقدہ عید ملن پارٹی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پروگرام کی صدارت آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے صدر و سربراہ مغل مجلس شوری پاکستان حاجی عبدالرؤف مغل نے کی۔ آنیوالے مہمانوں کا گرم جوشی کے ساتھ استقبال کیا گیا۔ عید ملن پارٹی کے حوالے سے کیک کاٹا گیا۔ پروگرام میں شامل آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ سینٹر نائب صدر چیئرمین حاجی مقصود مغل، انفارمیشن سیکرٹری محمد ندیم کھوکھر، حافظ آباد روڈ کور کمیٹی کے انچارج کیپٹن ممبر اشرف زاہد مغل، محمد ادریس مغل، محمد جاوید مغل، اکبر علی مغل، مرتضیٰ مغل، ہارون سیف، بلال سیف اور دوسرے دوستوں نے شرکت کی۔

جی ایم سی ٹیچنگ ہسپتال گوجرانوالہ کی آٹ پیشنٹ ڈور فارمیسی میں شعبہ کارڈیالوجی سے متعلق ادوایات ناپید

گوجرانوالہ (عظمی شاہین سے) جی ایم سی ٹیچنگ ہسپتال گوجرانوالہ چیف فارماسسٹ اور پیتھز آف میڈیسن اسپیشل کی نااہلی کے باعث آٹ پیشنٹ ڈور فارمیسی میں شعبہ کارڈیالوجی سے متعلق ادوایات ناپید ہو چکی ہیں، جس کے باعث مریض و لواحقین شعبہ کارڈیالوجی سے متعلق ادویات باہر سے خریدنے پر مجبور ہیں، مریضوں کا کہنا ہے کہ آٹ پیشنٹ ڈور فارمیسی میں سکیورٹی گارڈ و سپنر کے فرائض سرانجام دینے اور دیگر عملہ پروٹوکول، اشرافی کی خوشامد کرنے میں مصروف رہتا ہے، آخر کب تک ہم ان جیسے مافیہ کے ہاتھوں لٹتے رہیں گے؟ متعدد شکایات ہونے کے باوجود کوئی نوٹس لینے والا نہیں، کیا جی ایم سی ٹیچنگ ہسپتال گوجرانوالہ میں تعینات فارماسسٹ اور انچی ٹیم اتنی ہی بااثر ہے؟ جس کے باعث چیف سیکرٹری پنجاب، صوبائی وزیر ہیلتھ، سیکرٹری ہیلتھ اور سیکشن آفیسر جنرل سمیت دیگر اعلیٰ حکام کی خاموشی معنی خیز ہے، مریضوں اور لواحقین نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ ان جیسے کرپٹ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے کیس نیب کے حوالے کیا جائے، تاکہ پنجاب کی غریب عوام دن بدن بڑھتے ہوئے سنگین مسائل سے محفوظ رہ سکے۔

پاکستان سنی تحریک کے ضلعی صدر و تحصیل صدر عمرہ ادائیگی کے لیے حرمین شریفین روانہ، ضلعی صدر محمد وسیم نقشبندی، تحصیل صدر علامہ عبدالستار صدیقی۔ صوفی اصغر علی قادری و دیگر رفقا کے عمرہ قافلہ روانہ ہوا

شیخوپورہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان سنی تحریک کے ضلعی صدر و تحصیل صدر عمرہ ادائیگی کے لیے حرمین شریفین روانہ، ضلعی صدر محمد وسیم نقشبندی، تحصیل صدر علامہ عبدالستار صدیقی۔ صوفی اصغر علی قادری و دیگر رفقا کے عمرہ قافلہ روانہ ہوا۔ سنی تحریک کے رہنماء مفتی شہباز علی سیال۔ علامہ افضل نقشبندی۔ حاجی اشرف الکی۔ رانا زاہد۔ سفیان عارف خان آصف عطاری۔ میاں علی رضا محمد عظیم، قاری ذوالفقار علی نقشبندی، عمر بھٹی، رانا طلحہ، رانا حمزہ، سمیت دیگر نے پھولوں کے ہار پہنائے اور الوداع کیا۔ رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے محمد وسیم نقشبندی نے کہا کہ سفر میں شریفین کی سعادت اللہ کریم کا تحفہ ہے اللہ پاک ہر صاحب ایمان کو مقدس سفر کی سعادت نصیب کرے۔ اےاللہ فجاز مقدس میں ملک ملت کے استحکام۔ امن و امان، ملکی حالات اور خصوصی فلسطین کے لئے دعائیں کریں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر نے مہنگے داموں نان روٹی اور کم وزن فروخت کرنے پر گرانفروشوں کو 46 ہزار روپے جرمانے 2 کے خلاف مقدمات درج

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر نے مہنگے داموں نان روٹی اور کم وزن فروخت کرنے پر گرانفروشوں کو 46 ہزار روپے جرمانے 2 کے خلاف مقدمات درج کروا دیئے زیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک کی زیر نگرانی ضلع گجرات میں روٹی اور نان کی قیمت پر مملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے اسی سلسلہ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خضر حیات بھٹی، ایڈیشنل ڈپٹی جنرل افضل حیات تارڑ، اسسٹنٹ کمشنر گجرات حیدر عباس راجہ، اسسٹنٹ کمشنر کھاریاں زوہیب ممتاز گوندل اور اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر چوہدری محمد اکمل نے اپنی اپنی تحصیلوں میں آٹا اسٹورز، نان بائیوں کو چیک کیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو خضر حیات بھٹی نے 9 مقامات پر روٹی و نان کی قیمت کو چیک کیا، خلاف ورزی کے مرتکب افراد پر 13500 روپے جرمانہ عائد کیا، اسسٹنٹ کمشنر سرائے عالمگیر محمد اکمل نے 15 مقامات پر چیکنگ کی اور خلاف ورزی کے مرتکب افراد پر 46000 روپے جرمانہ عائد کیا گیا، جبکہ 2 افراد کے خلاف مقدمہ درج کروایا گیا، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے بتایا کہ ضلع بھر میں 100 گرام روٹی کی قیمت 15 روپے جبکہ 120 گرام نان کی قیمت 20 روپے مقرر کی گ ہے تمام حضرات مقررہ کردہ نرخوں اور وزن کے مطابق پر روٹی اور نان کی فروخت یقینی بنائیں بصورت دیگر سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایت پر امسال بھی ضلع بھر میں 9 گندم خریداری مراکز قائم کیے گئے ہیں، ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد

ننکانہ صاحب (غلام سرور) حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایت پر امسال بھی ضلع بھر میں 9 گندم خریداری مراکز قائم کیے گئے ہیں جن میں ننکانہ صاحب، دارابرٹن، ہسوکھنڈا، منڈی فیض آباد، ننکیکی، ہنوان، شاہکوٹ مڑھ بلوچاں اور سانگلہ ہل شامل ہیں، حکومت کی جانب سے ضلع ننکانہ صاحب کے لیے مقرر کردہ گندم خریدنے کے ٹارگٹ کو بروقت مکمل کیا جائے گا، گندم کی ذخیرہ اندوزی اور دوسرے اضلاع منتقلی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، دوسرے اضلاع میں گندم کی منتقلی روکنے کے لیے داخلی اور خارجی راستوں پر چیک پوسٹیں قائم کی جا رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے ان خیالات کا اظہار میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کیا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے متعلقہ محکمہ جات کو ہدایت کی ہے کہ گندم خریداری مراکز پر آنیوالے زمینداروں کی سہولت کے لیے بیٹھنے کا انتظام، پانی کا چھڑکا، پینے کا صاف پانی، شامیانوں کی دستیابی، باتھ روم سمیت ڈیک اور تبیل کے علاوہ پنکھے اور جنریٹرز کے انتظامات لازمی اور بروقت ہونا چاہیے تاکہ زمینداروں کو کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع بھر میں قائم کیے گئے گندم خریداری مراکز پر تمام متعلقہ محکمہ جات کے افسران و عملہ اپنی حاضری کو سو فیصد یقینی بنائیں، مراکز پر غیر حاضر رپورٹ ہونے والے افسران و عملہ کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

لاہور، مختلف علاقوں کے دکاندار پولٹری ایسوسیایشن کے خلاف پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

مشرق وسطیٰ کا تنازعہ بڑھ رہا ہے، پاکستان محتاط رہے، زاہد حسین

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ کے فیصلے کے بعد محکمہ تعلیم نے اساتذہ کی بھرتیوں پر عائد پابندی ختم کر دی۔ ترجمان محکمہ تعلیم کا کہنا ہے کہ آئی بی اے کراچی کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچوئل فورم وآل کراچی انڈسٹریل ایسٹس کے صدر اور سابق صوبائی وزیر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ تنازعہ بڑھ رہا ہے جو کوئی بھی صورت اختیار کر سکتا ہے۔ غالب امکان یہ ہے کہ یہ تنازعہ عملاً رہے گا مگر کوئی بڑی جنگ میں تبدیل نہیں ہوگا مگر پھر بھی پاکستان کو اس سلسلہ میں محتاط رہنا ہوگا۔ دوسری طرف مشکل معاشی حالات کی وجہ سے پاکستان کا عرب ممالک پر انحصار روز بروز بڑھ رہا ہے مگر یہ تعلق کسی تیسرے فریق کی قیمت پر نہیں ہونا چاہیے۔ موجودہ حالات میں عرب ممالک (بقیہ نمبر 37)

سندھ کابینہ کے فیصلے کے بعد اساتذہ کی بھرتیوں پر عائد پابندی ختم

آئی بی اے سکھر کے ذریعے پی ایس ٹی اور جے ای ایس ٹی کے اہل امیدواروں کی بھرتیاں کی جائیں گی

کراچی (این این آئی) سندھ کابینہ کے فیصلے کے بعد محکمہ تعلیم نے اساتذہ کی بھرتیوں پر عائد پابندی ختم کر دی۔ ترجمان محکمہ تعلیم کا کہنا ہے کہ آئی بی اے سکھر کے ذریعے پی ایس ٹی اور جے ای ایس ٹی کے اہل امیدواروں کی بھرتیاں کی جائیں گی۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل وزیر تعلیم سندھ سر (بقیہ نمبر 35)

پنجاب، خیبر پختونخوا، اسلام آباد میں مزید 62 گیس کنکشنز منقطع

ملتان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 11 کنکشن منقطع، 15 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 62 گیس کنکشنز منقطع جبکہ 15 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں گیس کے غیر (بقیہ نمبر 36)

لاہور، کسان اتحاد کے رہنما خالد کھوکھر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

فوڈ اتھارٹی کی کارروائیاں 500 کلو بیمار مرغیاں تلف، مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) لاہوریوں تک محفوظ خوراک کی رسائی کے لئے پنجاب فوڈ اتھارٹی متحرک ہے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے لوئلٹن مارکیٹ، ٹھوکر اور ٹمپل روڈ کا علی الصبح دورہ کرکے 9 ناشتہ ہوٹلز کا معائنہ کیا، 4 کو 1 لاکھ 90 ہزار کے جرمانے عائد، 500 کلو بیمار کم وزن مرغیاں تلف، مقدمہ درج کرایا گیا۔ علی الصبح دودھ بردار اور گوشت بردار گاڑیوں میں موجود ہزاروں (بقیہ نمبر 38)

اُمت مسلمہ کو اتحاد سے اسلام دشمن قوتوں کا مقابلہ کرنا چاہیے، متحدہ علما کونسل

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈائرکٹر ڈیڈ احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امت مسلمہ کو اتحاد سے اسلام دشمن قوتوں کا مقابلہ کرنا چاہیے، دین اسلام کی سربلندی و پاکستان کے استحکام کے لیے تمام سیاسی، مذہبی جماعتوں کو متحد ہونا چاہیے

افغانستان میں موسلا دھار بارش، سیلاب، 33 افراد ہلاک

اموات چھتیس گرنے سے ہوئیں، تقریباً 600 مکانات تباہ، 600 کلومیٹر سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار

کابل (این این آئی) افغانستان میں 3 روز سے جاری شدید بارشوں اور سیلاب کے باعث کم از کم 33 افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے اے ایف پی کی خبر کے مطابق افغان حکومت کے ڈیزاسٹر مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ نے ہلاکتوں کی تصدیق کی۔ محکمہ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے ترجمان جانان صائق نے کہا کہ جمعہ سے شروع ہونے والی بارشوں کی وجہ سے آنے والے سیلاب سے بہت زیادہ انسانی اور مالی نقصان ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ابتدائی معلومات سے پتا چلتا ہے کہ سیلاب میں بدقسمتی سے 33 افراد شہید اور 27 زخمی ہوئے۔ جانان صائق نے کہا کہ زیادہ تر ہلاکتیں چھتیں گرنے سے ہوئیں جب کہ تقریباً 600 مکانات کو نقصان پہنچایا تباہ ہو گئے، تقریباً 600 کلومیٹر سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوئی جب کہ تقریباً 2 ہزار ایکڑ زرعی زمین سیلاب سے بہہ گئی۔ ملک کے 34 میں سے 20 صوبوں میں (بقیہ نمبر 39)

صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ محکمہ کے ڈویژنل ڈائریکٹرز کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاسان سے ماحولیاتی تبدیلیوں جیسے بڑے چیلنجز کا سامنا ہے، سپیکر قومی اسمبلی

قدرتی آفات عالمی مسئلہ، نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت، ریسکیو اور ریلیف سے متعلقہ ادارے اپنی کارروائیوں میں تیزی لائیں

سردار ایاز صادق کا ملک کے مختلف علاقوں میں آسمانی بجلی گرنے اور بارشوں کے باعث ہونے والے جانی اور مالی نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام ایک روزہ ورکشاپ کا آغاز ہو گیا۔ ورکشاپ کی صدارت قومی اسمبلی کے سپیکر سردار ایاز صادق نے کی۔ ورکشاپ میں قدرتی آفات عالمی مسئلہ نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت، ریسکیو اور ریلیف سے متعلقہ ادارے اپنی کارروائیوں میں تیزی لائیں کے موضوع پر سیشن ہوا۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کے باعث ہونے والے جانی اور مالی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے تمام متاثرہ خاندانوں سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ متاثرین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے (بقیہ نمبر 40)

رحیم یار خان، شادی سے انکار پر لڑکے نے لڑکی کو قتل کر کے خودکشی کر لی

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں شادی سے انکار پر لڑکے نے لڑکی اور اس کی ماں پر فائرنگ کر دی۔ رحیم یار خان پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں لڑکی جاں بحق اور اس کی ماں زخمی ہوئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ واقعے کے بعد فائرنگ کرنے والے لڑکے نے کوئی مارکر خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق لڑکی اور لڑکے کی لاشوں اور زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش بھی شروع کر دی ہے۔

کراچی میں ڈائریا کی وبا پھیلنے لگی، سیکڑوں مریض رپورٹ

جنوری تا یکم اپریل میں جناح اسپتال میں ڈائریا کے 4 ہزار 500 کیسز رپورٹ ہوئے

کراچی (این این آئی) کراچی میں ڈائریا کی وبا پھیلنے کے باعث سرکاری اسپتالوں میں پیٹ کے کیسز رپورٹ ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق جنوری تا یکم اپریل میں جناح اسپتال میں ڈائریا کے 4 ہزار 500 کیسز رپورٹ ہوئے۔ اپریل میں ڈائریا کے کیسز میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، آلودہ پانی اور غیر صحتمند کھانا ڈائریا کا سبب بن رہا ہے، کیسز کی تعداد میں ہر گزرتے دن کے ساتھ (بقیہ نمبر 41)

آسٹریلوی ارب پتی کا ٹائی ٹینک 2 جہاز بنانے کا اعلان

جہاز بنانے میں ایک ارب پاؤنڈ کی لاگت آئیگی، تیاری 2027 تک مکمل ہونے کی توقع

سڈنی (این این آئی) ایک دہائی سے زائد عرصے سے آسٹریلیا سے تعلق رکھنے والے ارب پتی کلائیو پالمر نے ٹائی ٹینک 2 جہاز بنانے کا اعلان کیا ہے جس کی تیاری 2027 تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ کلائیو پالمر بلوا اسٹالائن نامی کمپنی کے چیئرمین ہیں اور گزشتہ برسوں میں وہ کووڈ کی وبا کے دوران سرحدوں کی بندش پر آسٹریلیا کی ریاستی اور وفاقی حکومتوں کے خلاف مقدمات بھی دائر کر چکے (بقیہ نمبر 40)

رحیم یار خان، شادی سے انکار پر لڑکے نے لڑکی کو قتل کر کے خودکشی کر لی

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں شادی سے انکار پر لڑکے نے لڑکی اور اس کی ماں پر فائرنگ کر دی۔ رحیم یار خان پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں لڑکی جاں بحق اور اس کی ماں زخمی ہوئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ واقعے کے بعد فائرنگ کرنے والے لڑکے نے کوئی مارکر خودکشی کر لی۔ پولیس کے مطابق لڑکی اور لڑکے کی لاشوں اور زخمی خاتون کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش بھی شروع کر دی ہے۔

فیصل آباد، گھریلو حالات سے تنگ آ کر 20 سالہ لڑکی نے خودکشی کر لی

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد گھریلو حالات سے تنگ آ کر 20 سالہ لڑکی نے گندم میں رکھنے والی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی، ہسپتال انتظامیہ نے ضروری کارروائی کے بعد نقش و پا کے حوالے کر دی۔ بتایا گیا ہے کہ سمندری روڈ کی رہائشی لیاقت علی کی جواں سالہ بیٹی ثانیہ کا کسی بات پر گھر والوں سے جھگڑا ہو گیا، جس پر والدین نے ڈانٹ پلائی تو اس نے دل برداشتہ ہو کر گندم میں رکھنے والی زہریلی گولیاں نگل لیں، حالت غیر ہونے پر اہل خانہ لڑکی کو تشویشناک حالت میں ہسپتال لائے جہاں پر ڈاکٹروں نے اس کا معدہ واش کر کے اسکی جان بچانے کی سرتوڑ کوشش کی۔

فیصل آباد، ملزم نے شراب پی کر فائرنگ کر دی، تین افراد زخمی

فیصل آباد (این این آئی) تھانہ چک جمبرہ کے علاقے میں پرانی دشمنی کی بنا پر مشتعل ملزم مناڈان نے شراب پی کر شاہد محمود باجوہ عرف صابی باجوہ کے گھر گھس کر دو بیٹوں سمیت شاہد محمود باجوہ پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں تشویشناک حالت میں باپ اور دونوں بیٹوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا یہاں پر شاہد باجوہ کا بڑا بیٹا فیضان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا پولیس نے مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی

چیف ایڈیٹر: مسرت راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اص